عصبی عارضہ

ذیابیطس کی وجہ سے ہونے والے عصبی نقصان کو عصبی عارضہ کہتے ہیں،اور یہ اس وقت ہوتا ہے جب آہستہ آہستہ احساس ختم ہو جائے ۔ عصبی عارضے سے عام طور پر ٹانگیں اور پاؤں اور بعض اوقات بازو اور ہاتھ متاثر ہوتے ہیں ۔ ذیابیطس سے متاثرہ لوگوں میں عصبی عارضے کی سب سے عام وجہ طویل مدت تک خون میں گلوکوز کی سطح کا کنٹرول نہ ہونا ہے ۔

صحت کی دیکھ بھال کا ماہر آپ کے پاؤں کے اعصاب میں یک سوتہ (نائیلون کا ایک چھوٹا ٹکڑا ---بالوں کے برش کے سخت بالوں کی طرح ---ایک چھڑی پر اٹھے ہوئے) استعمال کر کے اس میں احساس کو چیک کرے گا ۔ اگر آپ کو ذیابیطس ہے، آپ کی صحت کی دیکھ بھال کرنے والے ماہر کو آپ کے پاؤں باقاعدگی سے چیک کرنے چاہئیں ۔

یہ جاننا اہم ہے کہ آپ کو عصبی عارضہ ہے کیونکہ، مناسب جوتے اور پاؤں کے باقاعدہ معائنے سے، آپ عصبی عارضے کے منفی نتائج جیسے ذیابیطسی پاؤں کا السر، سے بچ سکتے ہیں ۔

نارمل احساسات والے لوگ مسلسل اپنے پاؤں پر دباؤ لیتے ہیں اور ان حصوں پر دباؤ ڈالنے سے جس کی وجہ سے درد ہوتا ہو، بچتے ہیں ۔ تاہم ،جن لوگوں کے نارمل احساسات نہیں ہیں ان حصوں پر چلتے رہیں گے جہاں زخم ہو یا ضرر ہو اور اس طرح زخم سے بہت زیادہ نقصان ہو سکتا ہے ۔ جن لوگوں کو عصبی عارضہ ہو صحیح طور پر فٹ نہ ہونے والے جوتے پہن کر، یا ایسی چیزوں جیسے کیل، یا شیشے کے ٹکڑے پر چل کر اپنے پاؤں مزید زخمی کر سکتے ہیں اور اسے محسوس نہیں کرتے ۔

عصبی عارضے کے ساتھ رہتے ہوئے آپ کچھ ممکنہ ذیلی اثرات سے بچ سکتے ہیں ---- جیسے ذیا بیطس پاؤں کا السر---صحیح فٹنگ کے جوتوں سے، کم از کم ہر روز ایک بار اپنے پاؤں چیک کر کے (اگر آپ اپنے پاؤں کا نچلا حصہ نہیں دیکھ سکتے تو آئینہ استعمال کریں)اور اگر آپ کو کچھ غلط ہونے کا شبہ ہو تو فوری طور پر اپنی صحت کی دیکھ بھال کرنے والے ماہر سے فوری طور پر ملیں ۔

عصبی عارضہ بہت سے چیلنج پیش کرتا ہے ۔ تاہم ، صحیح انتخاب سے آپ اپنے پاؤں کی حفاظت کر سکتے اور بھرپور زندگی گزار سکتے ہیں ۔

عصبی عارضے کی سب سے عام علامت ٹانگوں اور پاؤں میں خلاف معمول احساس ہے ، اور اس میں درج ذیل شامل ہیں:

- تیز، شدید درد
- جلن
- جھنجھناہٹ
- ایسا احساس جیسے سوئیاں چبھ رہی ہوں
- تھرتھراہٹ
- سن ہونا (درد، گرمی،یا ٹھنڈ کا صحیح احساس نہ ہونا)

پاؤں کی دیکھ بھال کی مزید معلومات کے لئے ،برائے مہربانی ہماری ویب سائٹ کا دورہ کریں

www.cawc.net/index.php/public/feet

Canadian Association of Wound Care

Association canadienne du soin des plaies